FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

**B.Sc. Part–I (Semester–II) Examination**

**URDU (New)**

**(Compulsory)**

Time : Two Hours] [Maximum Marks : 40

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات تحریر کیجئے :— 8

(۱) شاہ ہمورابی کے قانون کے متعلق اپنے خیالات قلمبند کیجئے۔

(۲) اردو شاعری، افسانہ اور ناولوں نے کس طرح قومی یکجہتی کے فروغ میں حصہ لیا؟ مختصر لکھیے۔

(۳) قومی یکجہتی کو حصول آزادی کے لئے کیوں بنیادی ضرورت تصور کیا جانے لگا تھا؟

(۴) صنعت کاروں کے لئے ریڈیو مفید اور کارگر ہے۔ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر۲۔ مندرجہ ذیل بندوں میں سے دو بند کی تشریح کیجئے :— 8

(۱) جہاں خونِ جگر پیتے رہے اہلِ ہنر برسوں جہاں گھلتا رہا رنگوں میں آہوں کا اثر برسوں
جہاں کھنچتا رہا پتھر پہ نقشِ خیر و شر برسوں جہاں قائم رہے گی جنتِ قلب و نظر برسوں
جہاں نغمے جنم لیتے ہیں، رنگینی برستی ہے
دکن کی گود میں آباد وہ خوابوں کی بستی ہے

(۲) پھوٹ نکلے کسی افسردہ تبسم سے کرن یا دہک اٹھے کسی دست بریدہ میں گلاب
آہ! پتھر کی لکیریں ہیں کہ کاغذ کے نقوش کون لکھ سکتا ہے پھر عمرِ گذشتہ کی کتاب
بیتے لمحات کے سوئے ہوئے طوفانوں میں
تیرتے پھرتے ہیں پھوٹی ہوئی آنکھوں کے حباب

(۳) بم گھروں پر گریں کہ سرحد پر روحِ تعمیر زخم کھاتی ہے
کھیت اپنے جلیں کہ اوروں کے زیست فاقوں سے تلملاتی ہے

(۴) جنگ کے اور بھی تو میداں ہیں خون بہانا ہی کیا ضروری ہے
گھر کی تاریکیاں مٹانے کو گھر جلانا ہی کیا ضروری ہے



www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

8 سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی دو سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجئے :—

(۱) ہندوستانیوں میں لمبے سفر کی تیاری کا کیا طریقہ ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(۲) ٹوکیو سے گزرتے وقت کے مناظر لکھئے۔

(۳) جہاز پر مصنف کو کن پریشانیوں سے گزرنا پڑتا ہے؟ تحریر کیجئے۔

(۴) ''وارسائی'' کی اہمیت بیان کیجئے۔

8 سوال نمبر۴۔ مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا مفصل جواب دیجئے :—

(۱) نورخان کا خاکہ تحریر کیجئے۔

(۲) مولانا ابوالکلام آزاد اور تحریک جنگ آزادی کو تفصیل سے لکھئے۔

4 سوال نمبر۵۔ (الف) خیال کی توسیع کیجئے :—

نادان کی دوستی جی کا جنجال

یا

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں

4 (ب) مندرجہ ذیل محاوروں میں سے صرف چار محاوروں کا جملوں میں استعمال کیجئے۔

(۱) آنکھیں کھلنا

(۲) دانت کاٹی روٹی ہونا

(۳) خاک چھاننا

(۴) کانوں پر ہاتھ دھرنا

(۵) میرجی کھیر ہونا

(۶) پانی پانی ہونا

(۷) زخم پر نمک چھڑکنا

(۸) الٹی گنگا بہنا

firstranker.com



www.FirstRanker.com